سوال

(133)جب ایک عورت نفاس سے پاک ہونے کے دس دن بعد خون کے دھبے دیکھے جبکہ وہ ماہواری کا وقت بھی نہ ہو؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک عورت چالیس دن نفاس کے پورے کر کے مکمل پاک صاف ہوئی پھر دس دنوں کے بعد اس نے معمولی خون کے دھبے لگتے ہوئے دیکھے تو اس نے ظہر کی نماز چھوڑ دی اور پانچ دی اور پانچ نمازوں کے اوقات گزرنے کے بعد خون بند ہو گیا اور وہ اپنے مخصوص ماہواری کے ایام میں بھی نہ تھی اس کا سوال یہ ہے کہ کیا وہ ان چھ وقتوں کی نمازوں کی قضا کرے گی اور وہ دو یا تین خون کے قطرے جو ماہواری کے علاوہ دنوں میں دیکھے ان کا کچھ اعتبار نہ ہوگا یا کہ وہ یہ نمازیں ترک کر دے گی جیسے کہ پہلے اس کے اس عمل کا ذکر ہوا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب نفاس والی عورت نفاس سے پاک ہونے کے دس دن بعد خون کے دھبے دیکھے اگر ان کی ماہواری کے ایام سے موافقت نہ ہو تو وہ نماز ترک کرے گی اور نہ روزے ہی چھوڑے گی کیونکہ یہ فاسد خون ہے اور اس پر لازم ہے کہ وہ ان ایام کی متروکہ نمازوں کی قضا کرے جن میں اس کو خون کے دھبے لگے تھے۔ (سعودی فتویٰ کمیٹی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 153

محدث فتویٰ